سوال

(93) نمازِ وتر کی رکعات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ڈارٹ مورڈیون جیل سے ایم آئی خاں لکھتے ہیں

وتر نماز کم ازکم اور زیادہ سے زیادہ کتنی رکعت پڑھی جاتی ہے ؟ اور دعائے قنوت رکوع سے پہلے یا بعد میں کس طرح پڑھی جاتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض احادیث میں ۷، ۹، ۱۱، ۱۳ رکعت تک کا ذکر بھی ہے ۔ بہر حال ایک رکعت وتر پڑھنا ثابت ہے ۔

وتر میں دعائے قنوت رکوع سے پہلے اور رکوع کے بعد دونوں طرح سے ثابت ہے اور رکوع کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا بہتر ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص227

محدث فتویٰ